رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

# عادی ہونے کے حوالے سے آگاہی: سمارٹ فون استعمال کرنے والے ہر 3 میں سے 1 پاکستانی کا کہنا ہے کہ وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن بھی نہیں گزار سکتے۔


(گیلپ &گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد)، 28 اپریل، 2023

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، سمارٹ فون استعمال کرنے والے ہر 3 میں سے 1 پاکستانی کا کہنا ہے کہ وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن بھی نہیں گزار سکتے۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر سمارٹ فون استعمال کرنے والے منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے سمارٹ فون کے بغیر کتنے دن گزار سکتے ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 42% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک مہینہ گزار سکتے ہیں، 31% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن سے کم وقت گزار سکتے ہیں، 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر زیادہ سے زیادہ ایک دن گزار سکتے ہیں، 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن سے زائد وقت اور ایک ہفتے سے کم وقت گزار سکتے ہیں، جبکہ 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک ہفتے تک وقت گزار سکتے ہیں، تاہم 4% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے سمارٹ فون کے بغیر کتنے دن گزار سکتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عمر کے اعتبار سے نتائج:

30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں اُن افراد کی شرح سب سے زیادہ (33%) پائی گئی جن کا کہنا تھا کہ وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن سے کم وقت گزار سکتے ہیں، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں 31% پائی گئی، جبکہ 30 سال سے کم عمر افراد کے گروپ میں اُن افراد کی سب سے کم شرح (29%) پائی گئی جن کا کہنا تھا کہ وہ اپنے سمارٹ فون کے بغیر ایک دن سے کم وقت گزار سکتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, April 28th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating 43 years of Gallup Pakistan (1980-2023)